# يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا تُوبُوا إِلَى اللَّهِ تَوْبَةً نَّصُوحًا

اے لوگو جو ایمان لائے ہو توبہ کرو اللہ کے حضور خالص توبہ۔

# التَّحْرِيم

## بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيم

---

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللَّهُ

اے نبی! تو کیوں حرام کرے جو حلال کیا اللہ نے تجھ پر؟

لَكَ تَبْتَغِي مَرْضَاتَ أَزْوَاجِكَ

چاہتا ہے رضامندی اپنی عورتوں کی۔

وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (١)

اور اللہ بخشنے والا ہے مہربان۔

قَدْ فَرَضَ اللَّهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ أَيْمَانِكُمْ

ٹھہرا (مقرر کر) دیا اللہ نے تم کو کھول ڈالنا اپنی قسموں کا۔

وَاللَّهُ مَوْلَاكُمْ

اور اللہ صاحب ہے تمہارا،

وَهُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ (٢)

اور وہی سب جانتا حکمت والا۔

وَإِذْ أَسَرَّ النَّبِيُّ إِلَى بَعْضِ أَزْوَاجِهِ حَدِيثًا

اور جب چھپا کر کہی نبی نے اپنی کسی عورت سے ایک بات،

فَلَمَّا نَبَّأَتْ بِهِ وَأَظْهَرَهُ اللَّهُ عَلَيْهِ

پھر جب اُس نے خبر کر دی اس کی، اور اللہ نے جتا (ظاہر کر) دیا نبی کو یہ،

عَرَّفَ بَعْضَهُ وَأَعْرَضَ عَن بَعْضٍ

(تو) جتائی (اطلاع دی) نبی نے اس میں سے کچھ اور ٹلا دی (درگذر کیا) کچھ۔

فَلَمَّا نَبَّأَهَا بِهِ قَالَتْ مَنْ أَنبَأَكَ هَذَا

پھر جب وہ جتلایا عورت کو، بولی تجھ کوکس نے بتایا یہ؟

قَالَ نَبَّأَنِيَ الْعَلِيمُ الْخَبِيرُ (٣)

کہا مجھ کو بتایا اس خبر والے نے۔

إِن تَتُوبَا إِلَى اللَّهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا

اگر تم دونوں توبہ کرتی ہو، تو جھک پڑے ہیں (ہٹ گئے تھے سیدھی راہ سے) دل تمہارے۔

وَإِن تَظَاهَرَا عَلَيْهِ فَإِنَّ اللَّهَ هُوَ مَوْلَاهُ وَجِبْرِيلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِينَ

اور اگر تم دونوں چڑھائی (ایکا) کروگی اس پر تو اللہ ہے اسکا رفیق اور جبرئیل اور نیک ایمان والے،

وَالْمَلَائِكَةُ بَعْدَ ذَلِكَ ظَهِيرٌ (٤)

اور فرشتے اس پیچھے مددگار۔

عَسَى رَبُّهُ إِن طَلَّقَكُنَّ أَن يُبْدِلَهُ أَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنكُنَّ

ابھی اگر نبی چھوڑ دے تم سب کو، اس کا رب بدلے میں دے اس کو عورتیں تم سے بہتر۔

مُسْلِمَاتٍ مُّؤْمِنَاتٍ قَانِتَاتٍ تَائِبَاتٍ

حکم بردار (مسلمان)، یقین رکھتیاں (مومن) نماز میں کھڑی (اطاعت شعار)، توبہ کرتی، بندگی بجالاتیں (عبادت گزار)، روزہ دار،

عَابِدَاتٍ سَائِحَاتٍ ثَيِّبَاتٍ وَأَبْكَارًا (٥)

(خواہ پہلے) بیاہیاں (ہوں) اور (یا) کنواریاں۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا

اے ایمان والو!

قُوا أَنفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَارًا وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ

بچاؤ اپنی جان کو اور اپنے گھر والوں کو اس آگ سے، جسکی چھپٹیاں (ایدھن) ہیں آدمی اور پتھر،

عَلَيْهَا مَلَائِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ

اس پر مقرر ہیں فرشتے تندخو زبردست،

لَا يَعْصُونَ اللَّهَ مَا أَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ (٦)

بے حکمی نہیں کرتے اللہ کی جو بات انکو فرمائے، اور وہی کرتے ہیں جو حکم ہو۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ كَفَرُوا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ
اے منکر ہونے والو! مت بہانے بناؤ آج کے دن ۔

إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (٧)
وہی بدلہ پاؤگے جو کرتے تھے ۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا تُوبُوا إِلَى اللَّهِ تَوْبَةً نَّصُوحًا
اے ایمان والو! توبہ کرو اللہ کی طرف، صاف دل کی توبہ ۔

عَسَى رَبُّكُمْ أَن يُكَفِّرَ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ
شاید تمہارا رب اُتارے تم سے تمہاری برائیاں ،

وَيُدْخِلَكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ
اور داخل کرے تمکو باغوں میں جنکے نیچے بہتی نہریں ۔

يَوْمَ لَا يُخْزِي اللَّهُ النَّبِيَّ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ
جسدن اللہ ذلیل نہ کریگا نبی کو اور جو یقین لائے ہیں اسکے ساتھ ۔

نُورُهُمْ يَسْعَى بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَبِأَيْمَانِهِمْ
انکی روشنی (نور) دوڑتی ہے انکے آگے اور انکے داہنے ،

يَقُولُونَ رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا وَاغْفِرْ لَنَا
کہتے ہیں اے رب ہمارے! پوری کر دے ہمکو ہماری روشنی اور معاف کر ہم کو ۔

إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (٨)
تو ہر چیز کر سکتا ہے ۔

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِينَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ
اے نبی لڑائی کر منکروں سے اور دغا بازوں سے اور سختی کر ان پر ،

وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ (٩)
اور انکا گھر دوزخ ہے ۔ اور بُری جگہ پہنچے ۔

ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا لِّلَّذِينَ كَفَرُوا امْرَأَةَ نُوحٍ وَامْرَأَةَ لُوطٍ
اللہ نے بتائی ایک کہاوت منکروں کے واسطے، عورت نوح کی اور عورت لوط کی ۔

كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ

گھر میں تھیں دونوں دو نیک بندوں کے ہمارے بندوں میں سے ،

فَخَانَتَاهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللَّهِ شَيْئًا

پھر (ان عورتوں نے) انسے چوری (خیانت) کی ، پھر وہ کام نہ آئے انکو (بچانے میں) اللہ کے ہاتھ سے کچھ ،

وَقِيلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدَّاخِلِينَ (١٠)

اور حکم ہوا (ان عورتوں کو) کہ جاؤ دوزخ میں ساتھ جانے والوں کے ۔

وَضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا لِّلَّذِينَ آمَنُوا امْرَأَةَ فِرْعَوْنَ

اللہ نے بتائی ایک کہاوت ایمان والوں کو عورت فرعون کی ،

إِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِي عِندَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

جب بولی اے رب ! بنا میرے واسطے اپنے پاس ایک گھر بہشت میں

وَنَجِّنِي مِن فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهِ

اور بچا نکال (نجات دے) مجھ کو فرعون سے ، اور اس کے کام سے ،

وَنَجِّنِي مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ (١١)

اور بچا نکال (نجات دے) مجھ کو ظالم لوگوں سے ۔

وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرَانَ الَّتِي أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا

اور (مثال) مریم بیٹی عمران کی ، جس نے روکی اپنی شہوت کی جگہ ،

فَنَفَخْنَا فِيهِ مِن رُّوحِنَا

پھر ہم نے پھونک دی اس میں ایک اپنی طرف کی جان (روح) ،

وَصَدَّقَتْ بِكَلِمَاتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهِ وَكَانَتْ مِنَ الْقَانِتِينَ (١٢)

اور سچ جانی (اس نے) اپنے رب کی باتیں اور اس کی کتابیں اور تھی بندگی کرنے والوں میں ۔

---

**********

**© Copy Rights:**
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
**Lahore, Pakistan**
**www.quran4u.com**